صوبائی مزبحہ خانوں میں رسمی قربانی کے جانور ذبح کرنے کے دوران چھری کے استعمال کے لیے رہنما ہدایات

ضروری ہے کہ قربانی کے جانور ذبح کرنے کا عمل ایک ماہر قصاب نرمی، صفائی اور محفوظ طریقے سے انجام دے تاکہ جانور کی تکلیف، گوشت کے تحفظ اور چھری پکڑنے کے خطرات سے بچاؤ ہو سکے۔

چھری کا کور

گوشت کو الودگی کے خطرات سے بچاؤ کے لئے قربنی کے جانور ذبح کرنے کے لئے استعمال ہونے والی چھریکو ہر مرتبہ استعمال کرنے سے پہلے صاف اور جراثیم سے پاک کرنے کی ضرورت ہے۔ جانور کے مزبحہ یا اس کے حصوں پر لگی ہر گندگی کو کاٹ کر اتارا جانا چاہیے، نہ کہ دھونا چاہیے۔

جانور کو قربانی کے عمل کے دوران تکلیف سے بچانے   زبح کرنے کے لیے استعمال ہونے والی چھری کو تیز ہونا چاہیے۔ مزبحہ خانے میں جانور کو جلدی سے ذبح کرنے کے لئے گردن کو مناسب طریقے سے کاٹنا، انتہائی اہم مرحلہ ہوتا ہے۔ جب چھری تیز نہیں ہوتی تو جانور کو تکلیف پہنچنے کا امکان ہوتا ہے۔

چھری سے زخم لگنے سے بچاؤ کے لئے کام کرنے کے مناسب و محفوظ طریقوں پر عمل کریں اور ذاتی حفاظتی سامان استعمال کریں۔

صوبائی مزبحہ خانےمیں چھری استعمال کرنے والے ہر شخص (بشمول جانور کی گردن کاٹنے والے) کو درج ذیل رہنما ہدایات پر عمل کرنا چاہیے۔

- قربانی کی جگہ میں داخلے سے پہلے صاف ایپرن یا کورآل، حفاظتی ہیٹ اور ربر کے بوٹ پہنیں
- قربانی کی جگہ میں داخلے پر اور سامان یا آلات کو چھونے سے پہلے صابن اور گرم پانی سے ہاتھ دھوئیں
- چھری کو تیز کرنے یا استعمال کرتے وقت اپنے دوسرے ہاتھ پر میش دستانہ پہنیں
- جب چھری استعمال نہ ہو رہی ہو تو اسے کور میں رکھیں
- کور کے بغیر اپنے ہاتھ میں چھری پکڑ کر نہ چلیں
- گال کاٹتے ہوئے اس بات کو یقینی بنائیں کہ مناسب کھولی جگہ موجود ہو
- ایک صاف، زنگ سے پاک چھری استعمال کریں جو جانور کی گردن سے کم از کم دگنی چوڑی ہو
- صرف تیز چھری سے گال کاٹیں اور اسے ضرورت پڑنے پر ہر مرتبہ تیز کریں
  - تیز چھری اس امر کو یقینی بناتی ہے کہ ایک ہی مرتبہ میں گردن کٹ جائے
- گردن کاٹنے کے دوران گندی ہونے والی چھری کو صاف اور جراثیم سے پاک کریں
- چھری کو پائپ کے پانی کے ذریعے صاف کریں اور جراثیم مارنے کے لئے اسے دو سیکنڈ تک گرم پانی میں ڈبوئیں
- ہمیشہ اپنے جسم سے دور ہو کر کاٹیں
- سامان اٹھانے یا جگہ پر رکھنے کے لئے چھری استعمال نہ کریں
- اگر آپ کی چھری گر جائے تو اسے گرتے ہوئے پکڑنے کی کوشش نہ کریں
- پرانی چھریاں تبدیل کر دیں

جراثیم کش مواد میں ڈبوئی گئی چھری

Manitoba

مزید معلومات کے لئے ای میل کریں: خوراک کے تحفظ اور معائنے کی برانچ۔